پہلا سمسٹر I Semester	ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular	مئی 2020

Paper - MMED111CCT : Philosophical Perspective of Education

پرچہ :

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i- افلاطون کی کتاب "Republic" کا اردو ترجمہ ''ریاست'' کے نام سے کس نے کیا؟

(a) مولوی عبدالحق (b) ابوالکلام آزاد (c) ڈاکٹر ذاکر حسین (d) عبدالماجد دریا آبادی

ii- تدریس میں Play-way Method پر کس فلسفیانہ مکتب فکر نے خاص زور دیا ہے؟

(a) وجودیت (b) مثالیت (c) فطریت (d) تعمیریت

iii- مابعدالطبیعیات (Metaphysics) کے بانی کون ہیں؟

(a) افلاطون (b) ڈیکارٹ (c) ارسطو (d) پستالوزی

iv- اس موقف کے داعی کون ہیں۔ ''خواندگی تعلیم کی نہ ابتدا ہے نہ انتہا''۔

(a) رادھا کرشنن (b) گاندھی جی (c) مولانا آزاد (d) جان ڈیوی

v- بنیادی تعلیم Basic Education سے متعلق کمیٹی کے چیرمین کون تھے؟

(a) گاندھی جی (b) ڈاکٹر کوٹھاری (c) خواجہ غلام السیدین (d) ڈاکٹر ذاکر حسین

vi- ماہر تعلیم روسو کس فلسفہ سے متاثر تھے؟

(a) فطریت (Naturalism) (b) عملیت (Pragmatism)

(c) مثالیت (Idealism) (d) ترقی پسندیت (Progressivism)

P.T.O.

vii- سانکھیہ (Sankhya) فلسفہ کا بانی کون ہیں؟

(a) سوامی وویکانندا (b) پتانجلی (c) کالی داس (d) کپیلا (Kapila)

viii- یہ کس کا قول ہے؟ ''معلم اعلیٰ ترین انسانی اور سماجی اقدار کا نگہبان ہوتا ہے''

(a) مہاتما گاندھی (b) مولانا ابوالکلام آزاد (c) ڈاکٹر عبدالکلام (d) ڈاکٹر ذاکر حسین

ix- دور وسطیٰ کی قدیم یونیورسٹی 'نالندہ یونیورسٹی' ہندوستان کی کس ریاست میں قائم تھی؟

(a) گجرات (b) بہار (c) دلی (d) اتر پردیش

x. ہندوستان میں ہر سال ''یوم تعلیم'' کس شخصیت کے نام پر منایا جاتا ہے؟

(a) رادھا کرشنن (b) راجندر پرشاد (c) ابوالکلام آزاد (d) دیش بندھو چترنجن داس

حصہ دوم

2- مشرقی فلسفہ کی اساس (Base) کس چیز پر قائم ہے اور کیوں مغربی فلسفہ سے مختلف ہے؟

3- مابعدالطبیعیات (Metaphysics) کی تعریف پیش کیجیے۔

4- علم (Knowledge) کی تعریف کریں۔اس کے خاص ذرائع (Sources) کے نام بتانے کے ساتھ ساتھ مختصر تعارف پیش کیجیے۔

5- اقدار ثلاثہ یعنی تین آفاقی اقدار (Universal Values) کیا ہیں؟ مختصر وضاحت کریں۔

6- فلسفہ عملیت (Pragmatism) کے حوالے سے فلسفہ اور تعلیم کے درمیان رشتہ کو بیان کریں۔

7- فلسفہ مثالیت (Idealism) کے تعلیمی مضمرات (Educational Implication) واضح کیجیے۔

8- یوگا (Yoga) فلسفہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

9- شمولیاتی تعلیم (Inclusive Education) کیا ہے؟

حصہ سوم

10- فلسفہ فطریت (Natrualism) اور فلسفہ مثالیت (Idealism) کا موازنہ تعلیمی مقاصد، درسیات، نظم وضبط اور استاد کے رول کی بنیاد پر کیجیے۔

11- اسلامی فلسفہ تعلیم کن خاص بنیادوں پر قائم ہے؟

12- تدریس میں اقدار (Values) کی ترویج وترقی میں استاد (Teacher) کے رول کو اجاگر کریں۔

13- اسلامی فلسفہ تعلیم میں نصاب (Curriculum) کی جو تعریف بیان کی گئی ہے۔ اس کی دور حاضر میں موزونیت (Relevance) بیان کریں

14- فلسفہ میں انفرادیت (Individuality) کا کیا تصور ہے؟ اور کس فلسفہ میں اس پر زیادہ زور دیا گیا ہے؟

☆☆☆